# DIRECTORS' REVIEW

The directors of your Company are pleased to present their review on the affairs of the Company for the 2nd quarter and half year ended December 31, 2018:

### Financial Results:

The unstable economic conditions, rising inflationary trend and constant devaluation of Pak Rupee have adversely affected the sales volume and profitability of the company during the period under review. The imposition of income tax filer condition for the purchase of Auto Rickshaw, which was remained applicable nearly for one month, further damaged the sale of Auto Rickshaw.

The reduction in booking of tractors has jeopardized the demand of tractor wheel rims during the period under review.

During the 2nd quarter, the sales has decreased by 37.12% from Rs.880.01M to Rs.553.34 M, gross profit by 48.10% from Rs. 104.33M to Rs.54.15M and pre-tax profit by 91.33% from Rs.60.33M to Rs. 5.23M compared with corresponding period of last year.

The half year sales has decreased by 22.78% from Rs.1,801.96M to Rs.1391.53 M, gross profit by 29.89% from Rs. 205.57 M to Rs.144.12M, and pre-tax profit by 59.68% from Rs.113.18M to Rs. 45.63M and earning per share from Rs 3.90 to Rs. 1.52 as compared with the corresponding period of last year.

During the 2nd quarter and half year, the Company produced 3,767 & 8,225 units of Auto Rickshaws whereas during the corresponding periods of last year, the production was 5,957 and 11,640 units respectively.

The production of wheel rims was 16,069 & 33,278 in 2nd quarter and half year whereas the production of wheel rims during the same corresponding periods was 29,926 and 55,371 respectively.

### Progress on Four Wheeler Project:

The construction and civil work is near to completion. Procurement of plant & machinery, hiring of technical and marketing staff is in process. During the period, the Company also imported samples of some vehicles for display purposes.

Due to un-avoidable circumstances, the Board has revised the estimated date of completion of project from June 30, 2019 to December 31, 2019.

### Future Outlook:

Un-certain political and economic conditions, rising inflationary trend, increase in borrowing cost and constant depreciatory pressure on Pak-Rupee may adversely affect the revenue and profitability of the company in future period.

The Company is keeping a close eye on the situation and taking remedial measures accordingly.

The directors would like to place on record their appreciation for the untiring efforts, teamwork and dedication shown by the company's employees during the period under review. They would also like to express their gratitude to the valued shareholders, customers, suppliers and financial institutions for their co-operation, constant support and trust on the Company.

For and on behalf of the Board

Lahore
Dated: 21-02-2019

**Mian Asad Hameed**
(Chief Executive)

**Saeed Iqbal Khan**
(Director)

# ڈائریکٹرز کا جائزہ

آپ کی کمپنی کے ڈائریکٹرز 31 دسمبر 2018 کو مکمل ہونے والی دوسری سہ ماہی اور ششماہی کے لئے کمپنی کے معاملات پر بخوشی اپنا جائزہ پیش کرتے ہیں۔

## مالیاتی نتائج:

اس جائزہ عرصہ کے دوران غیر مستحکم اقتصادی صورت حال، بڑھتے ہوئے افراط زر کار جحان اور پاکستانی روپے کی قدر میں مستقل ابتری نے کمپنی کی فروخت حجم اور منافع کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ آٹو رکشہ کی خرید پر انکم ٹیکس فائلر کی شرط کے نفاذ سے، جسکا تقریباً ایک ماہ اطلاق رہا، آٹو رکشہ کی فروخت پر مزید نقصان پہنچا۔

اس جائزہ عرصہ کے دوران ٹریکٹرز کی بکنگ میں کمی سے ٹریکٹر ویل رمز کی ڈیمانڈ پر برا اثر پڑا۔

دوسری سہ ماہی کے دوران، کمپنی کی مجموعی فروخت 37.12 فی صد کمی کے ساتھ پچھلے مالیاتی سال کی دوسری سہ ماہی کے مقابلہ میں 880.01 ملین روپے سے کم ہو کر 553.34 ملین روپے ہوگئی ہے، مجموعی منافع 48.10 فی صد کمی سے 104.33 ملین روپے سے کم ہو کر 54.15 ملین روپے ہو گیا ہے، قبل از ٹیکس منافع 91.33 فی صد کمی سے 60.33 ملین روپے سے کم ہو کر 5.23 ملین روپے ہوگیا ہے۔

اس سال کی ششماہی کے دوران مجموعی فروخت 22.78 فیصد کمی کے ساتھ پچھلے مالیاتی سال کی ششماہی کے مقابلہ میں 1,801.96 ملین روپے سے کم ہو کر 1,391.53 ملین روپے ہوگئی ہے، مجموعی منافع 29.89 فی صد کمی سے 205.57 ملین روپے سے کم ہو کر 144.12 ملین روپے ہوگیا ہے، قبل از ٹیکس منافع 59.68 فی صد کمی سے 113.18 ملین روپے سے کم ہو کر 45.63 ملین روپے ہوگیا ہے اور آمدنی فی حصص 3.90 سے کم ہو کر 1.52 روپے ہوگئی ہے۔

کمپنی نے پچھلے سال کی دوسری سہ ماہی اور ششماہی میں بالترتیب 5,957 عدد اور 11,640 عدد آٹو رکشہ کی پیداوار کے مقابلہ میں اس سال دوسری سہ ماہی اور ششماہی میں بالترتیب 3,767 عدد اور 8,225 عدد رکشے بنائے۔

کمپنی نے پچھلے سال کی دوسری سہ ماہی اور ششماہی میں بالترتیب 29,926 عدد اور 55,371 عدد ویل رمز کی پیداوار کے مقابلہ میں اس سال دوسری سہ ماہی اور ششماہی میں بالترتیب 16,069 عدد اور 33,278 عدد ویل رمز کی پیداوار کی ہے۔

## فور ویلر منصوبے پر ترقیاتی کام:

تعمیراتی اور سول ورک اختتامی مراحل میں ہے پلانٹ اینڈ مشینری کا حصول، مارکیٹنگ اور ٹیکنیکل سٹاف کی تعیناتی ابتدائی مراحل میں ہے۔ اس عرصہ کے دوران، کمپنی نے نمائشی مقاصد کے لئے کچھ گاڑیاں نمونے کے طور پر بھی درآمد کی ہیں۔

ناگزیر حالات کی وجہ سے بورڈ نے منصوبے کی تکمیل کی متوقع تاریخ پر نظر ثانی کرتے ہوئے اسے 30 جون 2019 سے بڑھا کر 31 دسمبر 2019 کر دیا ہے۔

## مستقبل پر نقطہ نظر:

غیر یقینی سیاسی اور اقتصادی صورت حال، بڑھتے ہوئے افراط زر کا رجحان، بڑھتی ہوئی قرضوں کے حصول کی لاگت اور پاکستانی روپے کی قدر پر مستقل ابتری کا دباؤ، مستقبل میں کمپنی کی فروخت اور منافع کو بری طرح متاثر کر سکتا ہے۔

کمپنی صورت حال کا قریب نظری سے جائزہ لے رہی ہے اور اس کے مطابق خاطر خواہ اقدامات کر رہی ہے۔

ڈائریکٹرز کمپنی کے ملازمین کی انتھک کوششوں، ٹیم ورک اور لگن جس کا اظہار انہوں نے موجودہ عرصہ کے دوران کیا ہے، کے شکر گزار ہیں۔ وہ اپنے معزز حصص داران کاروباری شراکت دار اور مالی اداروں کے کمپنی کے ساتھ مسلسل تعاون کرنے پر بھی شکر گزار ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

لاہور
مورخہ 21 فروری 2019

میاں اسد حمید
چیف ایگزیکٹو

سعید اقبال خان
ڈائریکٹر